# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu news Bulletin

**Time :**09:25 / PM

**Date: 05-August-2026**

---

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر۔

---

صدر ایوارڈ

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اگست کی **7** تاریخ کو نئی دلی میں ایک تقریب میں نیشنل ہینڈلوم ڈے کے موقعے پر ملک بھر سے منتخب کئے گئے **22** دستکاروں میں سال **2025** کے سنت کبیر ہینڈلوم اور نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ عطا کریں گی۔ان میں تین سنت کبیر ہینڈلوم ایوارڈ اور **19** نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ شامل ہیں۔نیشنل ہینڈلوم ایوارڈ پانے والوں میں کشمیر کے بڈگام ضلعے میں کانہامہ ماگام سے تعلق رکھنے والے فیاض احمد وانی اور منظور احمد حجام بھی شامل ہیں۔یہ دونوں کشمیر کے معروف کانی شال کے نامور دستکار ہیں۔آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے فیاض احمد وانی نے اس ایوارڈ کیلئے منتخب کئے جانے پر اپنے تاثرات یوں ظاہر کئے۔

**-----Byte Fayaz-----**

یہ ہیں منظور احمد حجام کے تاثرات۔

**------Byte Manzoor------**

---

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ بھارت **2047** تک ایک ترقی یافتہ قوم بننے کی سمت میں اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔انڈین ریلوے مینجمنٹ سروس **IRMS** کے تربیت یافتگان افسروں سے خطاب

کرتے ہوئے ایل جی نے نوجوان افسران پر زور دیا کہ وہ اپنی قیادت، حکمت عملی اور فیصلوں کے ذریعے ملک کے روشن مستقبل کی تعمیر میں اہم کردار ادا کریں۔

------**V/O**------

---

ایل جی ملاقات

**MLA** کشتواڑ شگن پریہار نے کل لوک بھون سرینگر میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی۔ شگن پریہار نے کشتواڑ کے ترقیاتی منظر نامے کے بارے میں ایل جی کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔

---

ایل جی تقریب

دریں اثناء لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا آج **SKICC** سرینگر میں دہشت پسندی سے متاثرہ کئی افراد کے قریبی لواحقین میں نوکریوں کے آرڈر تقسیم کریں گے۔ یہ تقریب صبح **11** بجے شروع ہوگی۔

---

سی ایم

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے مالی سال **2026-27** کے بجٹ اعلانات پر عمل درآمد کا جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی ہے کہ وہ منصوبوں کو عملاً کر باہمی رابطوں کو مضبوط بنائیں تا کہ بجٹ کے فوائد بروقت عوام تک پہنچ سکیں۔ وزیر اعلیٰ نے سول سیکرٹریٹ میں منعقدہ ایک میٹنگ کے دوران کہا کہ حکومت بجٹ کے تمام اعلانات مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کیلئے پُرعزم ہے۔

---

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کل سول سیکرٹریٹ سرینگر میں وزارتی کونسل کی ایک میٹنگ کے دوران یوٹی کے ترقیاتی منظر نامے کا جائزہ لیا۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ میٹنگ کے دوران ترقیاتی عمل اور عوامی بہبود سے جڑے کئی فیصلے لئے گئے۔ میٹنگ میں چیف سیکرٹری اٹل ڈلو بھی موجود تھے۔ اس دوران وزیر اعلیٰ آج جموں صوبے میں پونچھ ضلعے کا تفصیلی دورہ کر کے وہاں حالیہ سیلاب کے بعد پیدا

ہوئی صورتحال اور راحت کاری کے کاموں کا جائزہ لیں گے۔ پروگرام کے مطابق وزیر اعلیٰ ضلع انتظامیہ کے افسروں کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں جاری باز آباد کاری اور تجدید کاری کے کاموں کا بھی جائزہ لیں گے۔

---

جاوید ڈار

وادی کے مختلف علاقوں سے آئے کئی عوامی وفود نے کل سرینگر میں زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار کے ساتھ ملاقات کی۔ وفود نے اپنے مطالبات ان کی نوٹس میں لا کر عوامی مسائل حل کرنے کی مانگ کی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ سرکار لوگوں کے مسائل کے ازالے پر خاص توجہ دے رہی ہے۔

---

ملاقات

قانون ساز اسمبلی جاوید احمد مرچال اور جل جیون مشن سے وابستہ ٹھیکے داروں کی ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے سرینگر میں جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا کے ساتھ ملاقات کی۔ جاوید احمد مرچال نے اپنے حلقہ انتخاب کے باشندوں کو درپیش مسائل اور حلقے کی ترقیاتی ضروریات وزیر موصوف کی نوٹس میں لائیں جبکہ ٹھیکے داروں کی ایسوسی ایشن نے التواء میں پڑے اپنے کئی مسائل کے حل کا مطالبہ کیا۔

---

اویس یعقوب

کشمیر کے پلوامہ ضلعے سے تعلق رکھنے والے مکسڈ مارشل آرٹ چمپئین اویس یعقوب، جنہوں نے حال ہی میں **Bulgeria** میں دوبار کے **MMA** چمپئین کو ہرا کر تاریخ رقم کی، وادی واپس پہنچ گئے ہیں۔ یہاں پہنچتے ہی لوگوں نے ان کا والہانہ استقبال کیا۔ ہمارے پلوامہ کے نمائندے میر نذیر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اویس یعقوب نے کہا کہ ان کی کامیابی میں ان کے خیر خواہوں کا ایک اہم رول ہے۔ اویس یعقوب کے ساتھ ریکارڈ کی گئی یہ تفصیلی بات چیت آپ **8** اگست یعنی سنیچر وار کو صبح ساڑھے **9** بجے ہمارے پروگرام ''نیوز ریل'' میں سماعت کر سکیں گے۔

---

یاترا

شری امرناتھ جی یاترا بال تل کے راستے جاری ہے۔آج جموں سے یاترا کے کسی بھی قافلے کو سرینگر آنے کی اجازت نہیں دی گئی تاہم جو یاتری پہلے ہی وادی پہنچ چکے ہیں وہ بال تل کے راستے یاترا کر کے گپھا پر حاضری دے رہے ہیں۔اسی دوران آج صبح 9 بجے تک 446 یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دی۔

---

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ 8 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا سے گیا۔

---

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔خدا حافظ۔

---